(سالانہ امتحانات ۱۴۴۷ھ/۲۰۲۶ء)

پرچہ نمبر:۲ (حدیث واصول حدیث)

کل نمبرز: ۱۰۰ درجہ: الثانویۃ الخاصۃ "دوم" (طلبہ)

مقررہ وقت: تین گھنٹے

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے تین سوالات کے جواب لکھیں۔

سوال نمبر۱: کوئی سے آٹھ سوال حل کریں۔ (8x5=40)

i. کیا گناہ کبیرہ کا مرتکب کافر ہو جاتا ہے؟

ii. عن ام ھانی قالت قال رسول اللہ ﷺ یا عائشۃ لیکن شعارك العلم والقرآن (ترجمہ کریں)

iii. اس امت کے مجوس کون ہیں؟

iv. عن جابر قال قال رسول اللہ ﷺ لا یبولن أَحَدُکُمْ فِي الْمَاءِ الدائم ثم یتوضا منه (ترجمہ کریں)

v. عن ابن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ ویل للعراقیب من النار (ترجمہ کریں)

vi. کیا دینی مسائل واحکام کا جاننا عورتوں کیلئے بھی واجب ہے؟

vii. اعضاء وضو کو کتنی بات دھونا سنت ہے؟

viii. عن ابن بریدۃ قال قال رسول اللہ ﷺ مَن فَأَتَتْهُ صَلٰوةُ الْعَصْرِ فَکَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وماله۔ (ترجمہ کریں)

ix. امام اعظم کی تاریخ پیدائش ووفات تحریر کریں۔

x. عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ وملئکته یصلون علی الذین یصلون الصفوف (ترجمہ کریں)

سوال ۲: ان عبد اللہ بن رواحۃ کانت لہ راعیۃ تتعاھد غنمه وانه امرھا تتعاھد شاۃ فتعاھدتھا فی سمنت الشاۃ واشتغلت الراعیۃ ببعض الغنم فجاء الذئب فاختلس الشاۃ وقتلھا فجاء عبد اللہ وفقد شاۃ فاخبرته الراعیۃ بامرھا فلطمھا ثم ندم علی ذلك فذکر ذلك لرسول اللہ ﷺ فعظم النبی ﷺ ذلك وقال ضربت وجه مؤمنۃ فقال سوداء لا علم لھا فارسل الیھا النبی ﷺ فسألھا أین اللہ فقالت فی السماء قال فمن انا قالت رسول اللہ ﷺ قال انھا مؤمنۃ فأعتقھا فأعتقھا

حدیث پاک پر اعراب لگائیں اور اردو ترجمہ تحریر کریں۔ نیز ایمان کی حقیقت حدیث مذکور کی روشنی میں تحریر کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر۳: ابو حنیفۃ عن عبد الملك عن قزعۃ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ ﷺ لا صلوۃ بعد الغدوۃ حتی تطلع الشمس ولا بعد صلوۃ العصر حتی تغیب ولا یصام ھذان الیومان الاضحی والفطر ولا تشد الرحال الا الی ثلثۃ مساجد الی المسجد الحرام والمسجد الاقصی والی مسجدی ھذا ولا تسافر المرأۃ یومین الا مع ذی محرم

حدیث کا ترجمہ کریں کہ مطلب واضح ہو جائے اور نوٹ کریں کہ کیا تین مساجد کے سوا کسی اور مسجد کی طرف سفر کرنا منع ہے؟ (۲۰)

سوال نمبر۴: عن ابی سعید الخدری ان رسول اللہ ﷺ قال الوضوء مفتاح الصلوۃ والتکبیر تحریمھا والتسلیم تحلیلھا وفی کل رکعتین فسلم ولا تجزی صلوۃ الا بفاتحۃ الکتاب ومعھا غیرھا

الف۔ حدیث پاک کا ترجمہ کریں اور (فی کل رکعتین فسلم) کی وضاحت کریں۔ (۱۲)

ب۔ حاملہ عورت کی عدت تحریر کرتے ہوئے مہر کے تقرر اور رخصتی سے پہلے بیوہ ہونے والی عورت کی عدت اور مہر کا حکم قلمبند کریں۔ (۸)

سوال نمبر۵: الف۔ خبر متواتر کی تعریف، شرائط حکم اور اقسام کی وضاحت کریں۔ (۱۰)

ب۔ خبر واحد کی تعریف، حکم اور سند کے اعتبار سے اقسام کی وضاحت مع امثلہ تحریر کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر۶: الف۔ راوی پر طعن کے اسباب کتنے اور کون سے ہیں؟ (۱۰)

ب۔ یہ حدیث صحیح ہے یا یہ حدیث غیر صحیح ہے کا مطلب لکھتے ہوئے محدثین کے قول متفق علیہ کا مفہوم زینت قرطاس کریں۔ (۱۰)

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان سمیت دیگر بورڈز کے پاسٹ پیپرز اہل سنت بورڈز پاکستان کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

## وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان (رجسٹرڈ)

(سالانہ امتحانات ۱۴۴۷ھ/۲۰۲۶ء)

پرچہ نمبر: ۳ (فقہ و اصول فقہ)

کل نمبرز: ۱۰۰ درجہ: الثانویۃ الخاصۃ "دوم" (طلبہ)

مقررہ وقت: تین گھنٹے

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے تین کے جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر ۱: ذیل میں دیے گئے اجزاء میں سے آٹھ اجزاء کے مختصر مگر جامع جواب تحریر کریں۔ (8x5=40)

i. کنز الدقائق کے مصنف کا نام لکھتے ہوئے ان کی تاریخ پیدائش و وفات تحریر کریں۔

ii. شیخین کے نزدیک پانی کب مستعمل ہوتا ہے؟

iii. مسافر کیلئے موزوں پر مسح کی مدت کتنی ہے؟

iv. نماز کی شرائط کے نام لکھیں۔

v. آیات احکام کی تعداد کتنی ہے؟

vi. نور الانوار متن ہے یا شرح؟

vii. وانما اطلق النظم مکان لفظ صاحب نور الانوار نے لفظ کی جگہ نظم کیوں کہا ہے؟

viii. استعمال کے اعتبار سے لفظ کی اقسام کتنی ہیں؟

ix. جب نص اور ظاہر میں تعارض ہو تو کس کو مقدم کیا جائے گا؟

x. اصول فقہ کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر ۲: فرض الوضوء غسل وجهه وهو من قصاص شعره الى اسفل ذقنه والى شحمتي الاذن ويديه بمرفقيه ورجليه بكعبيه ومسح ربع راسه ولحيته

عبارت کا ترجمہ، طہارت کے لغوی و شرعی معنی لکھیں اور بتائیں کہ سر کا مسح کتنا فرض ہے ائمہ کا اختلاف مع دلائل قلم بند کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۳: الف۔ زکوۃ کی شرائط وجوب اور مصارف زکوۃ کی وضاحت کریں۔ (۱۰)

ب۔ نکاح کی تعریف، اقسام اور ارکان کی وضاحت کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۴: والمصنف ذكر احوال الأدلة في صدر الكتاب واحوال الاحكام في اخره بعد الفراغ عنها فقال اعلم ان اصول الشرع ثلاثة والاصول جمع اصل وهو ما يبتنى عليه غيره والمراد بها ههنا الادلة والشرع ان كان بمعنى الشارع فاللام فيه للعهد اى الادلة التى نصبها الشارع دليلا وان كان بمعنى المشروع فاللام فيه للجنس اى أدلة الاحكام المشروعة والاولى ان يكون الشرع اسما للدين فلا يحتاج الى التاويل

الف۔ عبارت کا ترجمہ کریں نیز تحریر کریں کہ مصنف نے دلائل کے احوال کو احکام کے احوال پر مقدم کیوں کیا ہے؟ (۱۰)

ب۔ مصنف کے اصول الفقہ کی بجائے اصول شرع کہنے کی وجہ زینت قرطاس کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۵: الف۔ معنی کے ظہور و خفا کے اعتبار سے لفظ کی اقسام مع تعریفات و امثلہ قلم بند کریں۔ (۱۰)

ب۔ اما الكتاب فالقران المنزل على الرسول ﷺ الکتاب میں الف لام کونسا ہے؟ نیز قرآن کس چیز کا نام ہے نظم یا معنی؟ وضاحت کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۶: الف۔ امر کی تعریف اور حکم تحریر کرتے ہوئے وجوب کی وضاحت زینت قرطاس کریں۔ (۱۰)

ب۔ امر تکرار کا تقاضا کرتا ہے یا نہیں احناف اور شوافع کا اختلاف مع الدلائل قلم بند فرمائیں۔ (۱۰)

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان سمیت دیگر بورڈز کے پاسٹ پیپرز اہل سنت بورڈز پاکستان کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان (رجسٹرڈ)

(سالانہ امتحانات ۱۴۴۷ھ / ۲۰۲۶ء)

پرچہ نمبر: ۴ (نحو)

کل نمبرز: ۱۰۰

درجہ: الثانویۃ الخاصۃ "دوم" (طلبہ)

مقررہ وقت: تین گھنٹے

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے تین کے جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل اجزاء میں سے آٹھ اجزاء کے مختصر مگر جامع جواب تحریر کریں۔ (8x5=40)

۱: صاحب شرح جامی کا نام مع ولدیت تحریر کریں۔

۲: بصریوں کے نزدیک اسم کون سے اسماء میں سے ہے؟

۳: مصنف نے کلمہ کو کلام پر کیوں مقدم کیا؟

۴: علت غائیہ کی تعریف کریں۔

۵: اسناد کسے کہتے ہیں۔

۶: خاصہ کی تعریف کریں۔

۷: اضافت لفظیہ کس کی فرع ہے۔

۸: اسم معرب کی تعریف کریں۔

۹: اعراب کی کتنی قسمیں ہیں نام تحریر کریں۔

۱۰: عامل کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر ۲: الحمد لولیہ والصلاۃ علی نبیہ وعلی الہ واصحابہ المتادبین بآدابہ اما بعد فھذہ فوائد وافیۃ بحل مشکلات الکافیہ للعلامہ المشتہر فی المشارق والمغارب الشیخ ابن حاجب تغمدہ اللہ بغفرانہ واسکنہ بحبوحۃ جنانہ نظمتہا فی سلک التقریر والسمت التحریر للولد العزیز ضیاء الدین یوسف حفظہ اللہ سبحانہ عن موجبات التلھف والتاسف لانہ لھذا الجمع والتالیف کالعلہ الغایہ۔

الف: عبارت کا ترجمہ کرتے ہوئے تقریر، تحریر اور تاسف کی وضاحت کریں۔ (۱۰)

ب۔ الکلمۃ لفظ وضع لمعنی مفرد میں مفرد کے اعراب کی وضاحت کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۳: الف۔ کلام کا حصول صرف دو اسم اور ایک اسم اور ایک فعل میں کیوں منحصر ہے وضاحت کریں۔ (۱۰)

ب۔ الاسم ما دل ای کلمۃ دلت علی معنی کائن فی نفسہ ای فی نفسہ ما دل یعنی الکلمۃ۔

عبارت کا ترجمہ کریں نیز یہ تحریر کریں کہ مصنف نے اسم کو فعل اور فعل کو حرف پر مقدم کیوں کیا ہے؟ (۱۰)

سوال نمبر ۴: الف۔ کتاب میں اسم کے خواص کون سے مذکور ہیں؟ نیز خواص کی ترتیب بیان میں مصنف نے دخول لام کو دیگر پر مقدم کیوں کیا؟ (۱۰)

ب۔ رفع کو فاعل، نصب کو مفعول اور جر کو مضاف الیہ کے ساتھ خاص کیوں کیا گیا؟ (۱۰)

سوال نمبر ۵: الف۔ مفرد منصرف صحیح، جمع مونث سالم اور جمع مذکر سالم کی شرح جامی کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (۱۰)

ب۔ اعراب معرب کے آخر میں ہی کیوں دیا جاتا ہے؟ (۱۰)

سوال نمبر ۶: منع صرف کے تین اسباب کی وضاحت شرح جامی کی روشنی میں قلمبند کریں۔ (۱۰)

ب۔ اسم غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں آتی؟ وضاحت کریں۔ (۱۰)

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان سمیت دیگر بورڈز کے پاسٹ پیپرز اہل سنت بورڈز پاکستان کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان (رجسٹرڈ)

(سالانہ امتحانات ۱۴۴۷ھ / ۲۰۲۶ء)

پرچہ نمبر: ۵ (بلاغت و منطق) درجہ: الثانویۃ الخاصۃ

کل نمبرز: ۱۰۰ مقررہ وقت: تین گھنٹے

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے تین کے جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل اجزاء میں سے آٹھ اجزاء کے مختصر مگر جامع جواب تحریر کریں۔ (8x5=40)

۱۔ تلخیص المفتاح کے مصنف کے مختصر حالات زندگی تحریر کریں۔

۲۔ بلاغت اور فصاحت میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کریں۔

۳۔ علم البلاغۃ کی تین شاخوں کا تعارف لکھیں۔

۴۔ مطابقت حال سے کیا مراد ہے؟

۵۔ خبر اور انشاء میں فرق بیان کریں۔

۶۔ تصور اور تصدیق میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کریں۔

۷۔ حد تام اور حد ناقص کی تعریف اور مثال لکھیں۔

۸۔ شرح تہذیب کے مصنف کے مختصر حالات زندگی لکھیں۔

۹۔ منطق کی رو سے قیاس کی تعریف و مثال ذکر کریں۔

۱۰۔ تعریف تامہ اور تعریف ناقصہ میں فرق لکھیں۔

سوال نمبر ۲: الف: کلمہ کے فصیح ہونے کی کیا شرائط ہیں؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ (۱۰)

ب: فصاحتِ کلام کی تین شرائط مع امثلہ بیان کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۳: الف: جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ میں فرق واضح کریں (۱۰)

ب: مبتدا و خبر میں مطابقت کی اہمیت بیان کریں (۱۰)

سوال نمبر ۴: الف: قصر کی تعریف اور اقسام تحریر کریں (۱۰)

ب۔ افرادِ خمسہ (نوع، جنس، فصل، عرض عام، عرض خاص) کی تعریف کریں (۱۰)

سوال نمبر ۵: الف: علم منطق کی تعریف، موضوع، غرض و غایت بیان کریں (۱۰)

ب: قول شارح اور دلیل حجت میں مع امثلہ فرق واضح کریں۔ (۱۰)

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان سمیت دیگر بورڈز کے پاسٹ پیپرز اہل سنت بورڈز پاکستان کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

## وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان (رجسٹرڈ)

(سالانہ امتحانات ۱۴۴۷ھ/۲۰۲۶ء)

پرچہ نمبر: ۲ (عربی زبان وادب)

درجہ: الثانویۃ الخاصۃ "دوم" (طلبہ)

کل نمبرز: ۱۰۰

مقررہ وقت: تین گھنٹے

**نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ میں سے تین کے جواب تحریر کریں۔**

سوال نمبر ۱: درج ذیل اجزاء میں سے آٹھ کا مختصر مگر جامع جواب تحریر کریں۔ (8x5=40)

۱۔ امراء القیس کا نام اور ولدیت تحریر کریں۔

۲۔ امراء القیس کے قصیدے کا کوئی ایک شعر لکھیں۔

۳۔ زہیر بن ابی سلمی کو شاعر الحکما کیوں کہا جاتا ہے؟

۴۔ سبعہ معلقات کو اتنی زیادہ اہمیت کیوں دی جاتی ہے؟

۵۔ سبعہ معلقات کس دور کی نمائندگی کرتی ہے؟

۶۔ قصیدہ اور نظم میں کیا فرق ہے؟

۷۔ قصیدہ اطیب النغم کا موضوع کیا ہے؟

۸۔ شاعر نے قصیدہ میں کون سے جذبات کا اظہار کیا ہے؟

۹۔ قصیدہ میں کون سی اخلاقی تعلیمات ملتی ہیں؟

۱۰۔ آپ کو اس قصیدہ کا کون سا مصرعہ سب سے زیادہ پسند آیا؟

سوال نمبر ۲: دمنة، عسس، مكروه، الوجى، السرب، الوهناء، الأثل، الشيماء، الركب، اللوى، هَيْهَاتَ، أَسْلَامًا، أَغَيْثِي
ان میں سے کوئی سے دس الفاظ کے معانی اور پانچ الفاظ کی صرفی و نحوی تحقیق کریں۔ (۲۰)

سوال نمبر ۳: ان اشعار کا بامحاورہ ترجمہ و تشریح کریں اور زہیر اسلمی کی زندگی کے متعلق اپنی معلومات زیب قرطاس کریں۔ (۲۰)

۱. قِفَا نَبْكِ مِنْ ذِكْرَى حَبِيبٍ وَمَنْزِلِ — بِسِقْطِ اللِّوَى بَيْنَ الدَّخُولِ فَحَوْمَلِ
۲. فَتُوضِحَ فَالْمِقْرَاةِ لَمْ يَعْفُ رَسْمُهَا — لِمَا نَسَجَتْهَا مِنْ جَنُوبٍ وَشَمْأَلِ
۳. تَرَكْتُ رِبَابًا فِي الْوَغَى لِتُسَاعِدَنِي — وَكَانَتْ مَعَ الْأَبْطَالِ فَوْقَ الْقَنَاتِ
۴. إِذَا قَامَتَا تَضَوَّعَ الْمِسْكُ مِنْهَا — نَسِيمَ الصَّبَا جَاءَتْ بِهِ مِنْ حُجَازِ
۵. وَيَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارَى مَطِيَّتِي — فَيَا عَجَبًا مِنْ دَافِعٍ وَمُرَاوِغٍ

سوال نمبر ۴: الف۔ سبعہ معلقات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (۱۰)

ب۔ اطیب النغم کا معنی لکھ کر مصنف کے حالات زندگی تحریر کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۵: الف۔ ان اشعار کی تشریح اس طرح کریں کہ شاعر کی مراد واضح ہو جائے۔ (۱۰)

وَمُعْتَصَمَ الْمَكْرُوبِ فِي كُلِّ غَمْرَةٍ — وَمُنْتَجَعَ الْغُفْرَانِ مِنْ كُلِّ تَائِبِ
إِذَا مَا أَتَوا نُوحًا وَمُوسَى وَآدَمَا — وَقَدْهَا لَهُمُ انْصَارُ تِلْكَ الصَّعَائِبِ
بَشَارَةُ عِيسَى وَالَّذِي عَنْهُ عَبَّرُوا — بِشِدَّةِ بَأْسٍ بِالضَّحُوكِ الْمُحَارِبِ
صَبِيحٌ مَلِيحٌ أَدْعَجُ الْعَيْنِ أَشْكَلَ — فَصِيحٌ لَهُ الْإِعْجَامُ لَيْسَ بِشَائِبِ
مِنَ الْغَيْبِ كَمْ أَعْطَى الطَّعَامَ لِجَائِعٍ — وَكَمْ مَرَّةٍ أَسْقَى الشَّرَابَ لِشَارِبِ

ب۔ قصیدہ اطیب النغم پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۶: ذیل میں دیئے گئے الفاظ میں سے کوئی سے دس الفاظ کے معانی اور پانچ الفاظ کی صرفی و نحوی تحقیق لکھیں۔ (۲۰)
النغم، صفاء، تتراقص، تسكن، أوهام، صحراء، نسيم، أطيب، أنفاسه، يحلو، ترتيل، مشاعر، ألحان

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان سمیت دیگر بورڈز کے پاسٹ پیپرز اہل سنت بورڈز پاکستان کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان (رجسٹرڈ)

(سالانہ امتحانات ۱۴۴۷ھ/۲۰۲۶ء)

درجہ: الثانویۃ الخاصۃ "دوم" (طلبہ)

پرچہ نمبر ۷ (تاریخ اسلام)

مقررہ وقت: تین گھنٹے

کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے بقیہ سوالات میں سے تین کے جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر ۱: ذیل میں دیے گئے اجزاء میں سے آٹھ اجزاء کا مختصر مگر جامع جواب تحریر کریں۔ (8x5=40)

۱۔ بنی عباس کا آغاز کب ہوا؟

۲۔ بنی عباس نے اپنی حکومت کا مرکز کہاں قائم کیا؟

۳۔ بنو عباس کے دور میں سب سے مشہور خلیفہ کون تھا؟

۴۔ بنی عباس کے خلفاء کی تعداد لکھیں۔

۵۔ بنی عباس کے دور میں خلافت کی سیاسی حدود کہاں تک تھیں؟

۶۔ بنو امیہ کا پہلا خلیفہ کون تھا؟

۷۔ یزید بن معاویہ کی حکومت کب سے کب تک رہی؟

۸۔ بنو امیہ کا زوال کس سن ہجری میں ہوا؟

۹۔ بنو امیہ کی حکومت کا مرکز کون سا علاقہ تھا؟

۱۰۔ حضرت امیر معاویہ کی وفات کب ہوئی؟

سوال نمبر ۲: الف۔ معاویہ بن ابی سفیان نے دمشق کو دارالخلافہ کیوں بنایا؟ اس کے کیا فائدے ہوئے؟ وضاحت کریں۔ (۱۰)

ب۔ بنو امیہ کے دور میں اسلامی سلطنت کن کن علاقوں تک پھیل گئی؟ (۱۰)

سوال نمبر ۳: الف۔ بنو امیہ کے دور میں ہونے والی فتوحات کا اسلامی سلطنت پر کیا اثر پڑا؟ تفصیلاً بیان کریں۔ (۱۰)

ب۔ بنو امیہ کی خلافت کے زوال کی تین بنیادی وجوہات بیان کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۴: الف۔ بنو امیہ کے دور میں مالیاتی نظام کیسا تھا؟ اس نظام کی چند خامیوں اور چند خوبیوں کا ذکر کریں۔ (۱۰)

ب۔ ولید بن عبد الملک اور عمر بن عبد العزیز کی خلافت کے اہم کارنامے تحریر کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر ۵: الف۔ خلافت عباسیہ کے قیام کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ (۱۰)

ب۔ بنو عباس اور بنو امیہ کے طرز حکومت میں فرق تحریر کریں۔ (۱۰)

سوال ۶: الف۔ خلیفہ ہارون الرشید کے دور حکومت کی اہم خصوصیات لکھیں۔ (۱۰)

ب۔ بنو عباس کی خلافت کے خلفاء کے نام لکھیں اور ان میں سے کسی ایک کی اہم خصوصیات بیان کریں۔ (۱۰)

وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان سمیت دیگر بورڈز کے پاسٹ پیپرز اہل سنت بورڈز پاکستان کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں۔

تنظیم المدارس، کنزالمدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز
کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل
کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

## Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**